# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 10th February, 2026 at 11:00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**2. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to invite attention of the Minister for Foreign Affairs, to a matter of urgent public importance regarding Pakistani students stranded in Afghanistan due to closure of border, causing grave concern amongst the public**.**

## INTRODUCTION OF BILLS

**3. MR. MUHAMMAD FAROOQ SATTAR**
**SYED AMIN UL HAQ**
**MR. ARSHAD ABDULLAH VOHRA**
**MR. AHMED SALEEM SIDDIQUI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Trade Organizations Act, 2013 (II of 2013) [The Trade Organizations (Third Amendment) Bill, 2026].

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**5. DR. SHARMILA FARUQUI** to move for leave to introduce a Bill to prohibit all forms of manual sewer entry within the Islamabad Capital Territory, to mandate mechanised sewer-cleaning systems, and to ensure the safety, protection and rehabilitation of sanitation workers; and for matters connected therewith and incidental thereto [The Prohibition of Manual Scavenging and Protection of Sanitation Workers (ICT) Bill, 2026].

**6.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**7. MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill to provide for the modernization of freight and passenger rail services to and from the ports, enhancement of trade connectivity and to ensure safety and efficiency in railway operations [The Railway Connectivity and Modernisation Bill, 2026].

**8.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**9. MR. SALAHUDDIN JUNEJO** to move for leave to introduce a Bill for the establishment of the University of Strategic Knowledge [The University of Strategic Knowledge Bill, 2026].

**10.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## LEGISLATIVE BUSINESS
**(Commenced Business)**

**11.** Further **c**onsideration of the motion moved by Rana Iradat Sharif Khan, MNA on 21st January, 2026:-

> "that the Bill to provide for the establishment of Rawal International University, Islamabad [The Rawal International University-Islamabad, Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**12. RANA IRADAT SHARIF KHAN** to move that the Bill to provide for the establishment of Rawal International University, Islamabad [The Rawal International University-Islamabad, Bill, 2025], be passed.

**13. MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to provide for establishment of the Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendment entered in a separate list to be moved)**

**14. MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to provide for establishment of the Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme Bill, 2024], be passed.

**15. MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to make provisions for protection of breast-feeding and nutrition for infants and young children [The Islamabad Capital Territory Protection of Breast-Feeding and Child Nutrition Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendment entered in a separate list to be moved)**

**16. MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to make provisions for protection of breast-feeding and nutrition for infants and young children [The Islamabad Capital Territory Protection of Breast-Feeding and Child Nutrition Bill, 2024], be passed.

**MOTION**

**17. RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move under sub-rule (7) of rule 154 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 read with clause (3) of Article 70 of the Constitution, that the International Examination Board Bill, 2025, as passed by the National Assembly and not passed by the Senate within the stipulated period of 90 days, be referred to the Joint Sitting for consideration and passage.

**MOTION**

**18. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (schedule-II), till today be condoned. (Moved by Dr. Sharmila Faruqui, MNA)

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**19. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (schedule-II).

**MOTION**

**20. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] (section 498AA), till today be condoned. (Moved by Ms. Sofia Saeed Shah, MNA)

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**21. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2024] (section 498AA).

**MOTION**

**22. MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (section 14), till today be condoned. (Moved by Mr. Usama Ahmed Mela, MNA)

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**23. MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (section 14).

**MOTION**

**24. MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (section 14), till today be condoned. (Moved by Sahibzada Sibghatullah, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**25. MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (section 14).

## MOTION

**26. MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Service Tribunals Act, 1973 [The Service Tribunals (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Mr. Sohail Sultan, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**27. MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Service Tribunals Act, 1973 [The Service Tribunals (Amendment) Bill, 2025].

## MOTION

**28. Chairman** Standing Committee on Human Rights to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Ms. Sehar Kamran, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**29. Chairman** Standing Committee on Human Rights to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2025].

## MOTION

**30. Chairman** Standing Committee on Human Rights to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Child Marriage Restraint Act, 1929 (XIX of 1929) [The Child Marriage Restraint (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned. (Moved by Ms. Sehar Kamran, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**31. Chairman** Standing Committee on Human Rights to present the report of the Standing Committee on the Bill further further to amend the Child Marriage Restraint Act, 1929 (XIX of 1929) [The Child Marriage Restraint (Amendment) Bill, 2024].

## MOTION

**32. Chairman** Standing Committee on Human Rights to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned. (Moved by Mr. Naveed Aamir, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**33. Chairman** Standing Committee on Human Rights to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2024].

## MOTION

**34. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to provide and punish corrosive substances assault crimes, provides support and protection to victims and ensure justice and accountability in the Islamabad Capital Territory [The Corrosive Substances Assault (Prevention and Protection) Bill, 2024], till today be condoned. (Moved by Dr. Sharmila Faruqui, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**35.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide and punish corrosive substances assault crimes, provides support and protection to victims and ensure justice and accountability in the Islamabad Capital Territory [The Corrosive Substances Assault (Prevention and Protection) Bill, 2024].

## MOTION

**36.** **Chairman** Standing Committee on Science and Technology to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to repeal the Pakistan General Cosmetics Act, 2023 [The Pakistan General Cosmetics (Repeal) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Syed Rafiullah, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**37.** **Chairman** Standing Committee on Science and Technology to present the report of the Standing Committee on the Bill to repeal the Pakistan General Cosmetics Act, 2023 [The Pakistan General Cosmetics (Repeal) Bill, 2025].

## MOTION

**38.** **SYED RAFIULLAH,** Chairman Standing Committee on Overseas Pakistani and Human Resource Development to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Industrial Relations Act, 2012 [The Industrial Relations (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Ms. Shahida Rehmani, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**39.** **SYED RAFIULLAH,** Chairman Standing Committee on Overseas Pakistani and Human Resource development to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Industrial Relations Act, 2012 [The Industrial Relations (Amendment) Bill, 2025].

## MOTION

**40.** **Chairman** Standing Committee on Religious Affairs to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to establish a National Commission for Minorities Rights [The National Commission for Minorities' Rights Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Mr. Naveed Aamir, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**41.** **Chairman** Standing Committee on Religious Affairs to present the report of the Standing Committee on the Bill to establish a National Commission for Minorities Rights [The National Commission for Minorities' Rights Bill, 2025].

## MOTION

**42.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to prohibit the giving, taking or demanding dowry [The Islamabad Capital Dowry Restraint Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Dr. Sharmila Faruqui, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**43.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill to prohibit the giving, taking or demanding dowry [The Islamabad Capital Dowry Restraint Bill, 2025].

## MOTION

**44.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Islamabad (Preservation and Landscape) Ordinance, 1996 [The Islamabad (Preservation of Landscape) (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Ms. Shahida Rehmani, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**45. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Islamabad (Preservation and Landscape) Ordinance, 1996 [The Islamabad (Preservation of Landscape) (Amendment) Bill, 2025].

## MOTION

**46. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Khawaja Izhar ul Hassan, MNA).

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**47. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2025].

## MOTION

**48. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on Starred Question No, 146 referred to the Committee on 25$^{th}$ October, 2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**49. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honor to present this report on Starred Question No, 146 referred to the Committee on 25$^{th}$ October, 2024.

## MOTION

**50. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on Starred Question No, 148 referred to the Committee on 25$^{th}$ October, 2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**51. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honor to present this report on Starred Question No, 148 referred to the Committee on 25$^{th}$ October, 2024.

## MOTION

**52. MR. FATEH ULLAH KHAN**, Chairman Standing Committee on Defence to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the calling attention notice no. 22 regarding non-operation by the private airlines on mandatory and secondary routes in the country, referred to the Committee on 17.12.2024, till today be condoned.

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE PRESENTATION OF:

**53. MR. FATEH ULLAH KHAN**, Chairman Standing Committee on Defence to present report of the Standing Committee on the calling attention notice no. 22 regarding non-operation by the private airlines on mandatory and secondary routes in the country.

## MOTION

**54. MR. MUHAMMAD AFZAL**, Chairman Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the amendment in Rule 119 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, (moved by Syed Naveed Qamar, MNA) referred to the Committee on 10.09.2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**55.** **MR. MUHAMMAD AFZAL**, Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges to present the report of the Standing Committee on the amendment in Rule 119 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**56.** **SYED RAFIULLAH** to move under sub-rule (5) rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the proposed amendments in Rules 70, 73 and 250 of the said rules, as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**57.** **SYED RAFIULLAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

**58.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move under sub-rule (5) rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the proposed amendments in Rule 208 of the said rules, as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**59.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

**60.** **MS. MAH JABEEN KHAN ABBASI** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendment in the said Rules:-

**Amendment in Rule 187 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 2007, in Rule 187.-

(i) the first **proviso**, shall be omitted; and

(ii) in the second proviso, the expression **"further",** shall be omitted.

**61.** **MS. MAH JABEEN KHAN ABBASI** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendment be taken into consideration.

**62.** **MS. MAH JABEEN KHAN ABBASI** to move that the proposed amendment in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**63.** **MS. SHAHIDA REHMANI** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the government should take immediate steps to halt the use of harmful fatty oils across the country.".

**64.** **MS. SEHAR KAMRAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to curb beggary in the ICT Territory.".

**65.** **MR. MUHAMMAD ASLAM GHUMMAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to merge all existing Ad-hoc relief allowances granted from time to time into the Basic pay of all civil servants and government employees".

**66.** **MS. SHAMAILA RANA** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to stop the use of drugs in the educational institutions across the country..

**67.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN**
**MR. IBRAR AHMAD** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to reduce the tuition fees of colleges and universities in the Islamabad Capital Territory areas.

## MOTIONS UNDER RULE 259

**68.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN**
**MR. IBRAR AHMED** to move the following motion:-

"This House may discuss the situation arising out of excessive fees being charged by colleges and Universities in Islamabad Capital Territory.

**69.** **MS. SHAHIDA REHMANI** to move the following motion:-

"This House may discuss the impacts of climate change in the country.

**70.** **SYED RAFIULLAH** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Estate Office, Islamabad.

## DISCUSSION ON MATTER OF URGENT PUBLIC IMPORTANCE UNDER RULE 87

**71.** **SHAZIA MARRI** "to discuss a matter of urgent public importance regarding the prolonged recurring delays being faced by the passengers at Jinnah International Airport, Karachi, particularly during the immigration clearance and arrival processing''.

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**72.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**73.** **MS. NAEEMA KISHWER KHAN** **MS. ALIYA KAMRAN**
**MR. MUHAMMAD USMAN BADINI** **MS. SHAHIDA BEGUM** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, to a matter of urgent public importance regarding the emergence of new polio cases in the country, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**9th February, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

## <u>قومی اسمبلی سیکرٹریٹ</u>

**نظام کار**

**برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۱۰ فروری، ۲۰۲۶ء صبح گیارہ بجے منعقد ہو گا۔**

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

**<u>توجہ دلاؤ نوٹس</u>**

۲۔ **جناب انجم عقیل خان** وزیر برائے خارجہ امور کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو سرحد کی بندش کے باعث افغانستان میں پھنسے ہوئے پاکستانی طلبا سے متعلق ہے۔

**<u>بلوں کا پیش کرنا</u>**

۳۔ **جناب محمد فاروق ستار** **سید امین الحق** **جناب ارشد عبداللہ وہرا** **جناب احمد سلیم صدیقی**

تحریک پیش کریں گے کہ تجارتی تنظیمات ایکٹ، ۲۰۱۳ء (نمبر ۲ بابت ۲۰۱۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [تجارتی تنظیمات (تیسری ترمیم) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۵۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ علاقہ دارالحکومت، اسلام آباد میں ہر قسم کے گٹروں کی دستی صفائی کی ممانعت، مشینی نکاسی کے نظام کے نفاذ، عملہ صفائی کی حفاظت، تحفظ اور بحالی یقینی بنانے اور اس سے منسلک اور اس کے ذیلی معاملات کیلئے احکام وضع کرنے کا بل [انسدادِ دستی صفائی گٹر و تحفظِ کارکنانِ صفائی (علاقہ دارالحکومت اسلام آباد) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۷۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ تجارتی ربط کاری میں اضافہ کرنے اور ریلوے آپریشنز میں تحفظ و کارکردگی کو یقینی بنانے کی بابت بندرگاہوں تک اور ان سے باربردار و مسافر ریل سروسز کی جدید کاری کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [ریلوے ربط و جدید کاری بل، ۲۰۲۶ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۹۔ **جناب صلاح الدین جونیجو** تحریک پیش کریں گے کہ یونیورسٹی برائے اسٹریٹجک نالج کے قیام کا بل [یونیورسٹی برائے اسٹریٹجک نالج بل، ۲۰۲۶ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

**<u>قانون سازی</u>**

**(آغاز شدہ کارروائی)**

۱۱۔ **رانا ارادت شریف خان** کی جانب سے ۲۱ جنوری، ۲۰۲۶ء کو پیش کردہ تحریک پر مزید غور:۔

"کہ راول انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [راول انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۱۲۔ **رانا ارادت شریف خان** تحریک پیش کریں گے کہ راول انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [راول انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۳۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترمیم پیش کی جائے گی]**

۱۴۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۱۵۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ نوزائیدہ اور چھوٹے بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کے تحفظ کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کا تحفظ بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترمیم پیش کی جائے گی]**

۱۶۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ نوزائیدہ اور چھوٹے بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کے تحفظ کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کا تحفظ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

۱۷۔ **رانا محمد قاسم نون**، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۵۴ کے ذیلی قاعدہ (۷) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی کی جانب سے منظور کردہ اور سینیٹ میں پیش کئے جانے کے ۹۰ دن کے اندر سینیٹ کی جانب سے منظور نہ کیا گیا بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۵ء دستور کے آرٹیکل ۷۰ کی شق (۳) کی رو سے منظوری کے لیے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں زیر غور لایا جائے۔

## تحریک

۱۸۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (جدول دوم) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب ڈاکٹر شرمیلا فاروقی، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۱۹۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (جدول دوم) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۰۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (دفعہ ۴۹۸/الف الف) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ صوفیہ سعید شاہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۲۱۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (دفعہ ۴۹۸/الف الف) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۲۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ ۱۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب اسامہ احمد میلہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۲۳۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ ۱۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۴۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (دفعہ ۱۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب صاحبزادہ صبغت اللہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۲۵۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (دفعہ ۱۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۶۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ سروس ٹریبونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سروس ٹریبونلز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب سہیل سلطان، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۲۷۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ سروس ٹریبونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سروس ٹریبونلز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۸۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی کمیشن برائے حقوق بچگان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ سحر کامران، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۲۹۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق، قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی کمیشن برائے حقوق بچگان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۰۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء (نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [بچوں کی شادی کا امتناع (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ سحر کامران، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۱۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق، بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء (نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [بچوں کی شادی کا امتناع (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۲۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی کمیشن برائے حقوق بچگان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب نوید عامر جیوا، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۳۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق، قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی کمیشن برائے حقوق بچگان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۴۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ گلا دینے والے مواد سے حملہ کرنے کے جرائم کے انسداد و تعزیر کیلئے اور متاثرین کو مدد و تحفظ فراہم کرنے اور اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں انصاف واحتساب کو یقینی بنانے کے بل [گلا دینے والے مواد سے حملہ (انسداد و تحفظ) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب ڈاکٹر شرمیلا فاروقی، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۵۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات، گلا دینے والے مواد سے حملہ کرنے کے جرائم کے انسداد وتعزیر کیلئے اور متاثرین کو مدد و تحفظ فراہم کرنے اور اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں انصاف واحتساب کو یقینی بنانے کے بل [گلا دینے والے مواد سے حملہ (انسداد وتحفظ) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۶۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان جنرل کاسمیٹکس ایکٹ، ۲۰۲۳ء کو منسوخ کرنے کے بل [پاکستان جنرل کاسمیٹکس (تنسیخ) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب سید رفیع اللہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۷۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی، پاکستان جنرل کاسمیٹکس ایکٹ، ۲۰۲۳ء کو منسوخ کرنے کے بل [پاکستان جنرل کاسمیٹکس (تنسیخ) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۸۔ **سید رفیع اللہ**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے سمندر پار پاکستانی و ترقی انسانی وسائل تحریک پیش کریں گے کہ صنعتی تعلقات ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [صنعتی تعلقات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ شاہدہ رحمانی، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۹۔ **سید رفیع اللہ**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے سمندر پار پاکستانی و ترقی انسانی وسائل، صنعتی تعلقات ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [صنعتی تعلقات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۰۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتاں کے قیام کے بل [قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتاں بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب نوید عامر جیوا، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۱۔ **چیئرمین** قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور، قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتاں کے قیام کے بل [قومی کمیشن برائے حقوق اقلیتاں بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۲۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ جہیز دینے، وصول کرنے یا اس کا مطالبہ کرنے کی ممانعت کے بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد جہیز کی ممانعت بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب ڈاکٹر شرمیلا فاروقی، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۳۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات، جہیز دینے، وصول کرنے یا اس کا مطالبہ کرنے کی ممانعت کے بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد جہیز کی ممانعت بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۴۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ اسلام آباد (تحفظ قدرتی مناظر) آرڈیننس، ۱۹۹۶ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [اسلام آباد (تحفظ قدرتی مناظر) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ شاہدہ رحمانی، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۵۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات، اسلام آباد (تحفظ قدرتی مناظر) آرڈیننس، ۱۹۹۶ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [اسلام آباد (تحفظ قدرتی مناظر) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۶۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب خواجہ اظہار الحسن، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۷۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۸۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ ۲۵/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۱۴۶ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۹۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات ۲۵/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۱۴۶ پر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## تحریک

۵۰۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ ۲۵/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۱۴۸ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۵۱۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات ۲۵/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۱۴۸ پر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## تحریک

۵۲۔ **جناب فتح اللہ خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع تحریک پیش کریں گے کہ ۷ا دسمبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ ملک میں نجی ایئر لائنز کی لازمی اور ثانوی راستوں پر عدم فعالیت سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۲۲ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۵۳۔ **جناب فتح اللہ خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع، ملک میں نجی ایئر لائنز کی لازمی اور ثانوی راستوں پر عدم فعالیت سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۲۲ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۵۴۔ **جناب محمد افضل**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قواعد طریق کار واستحقاقات تحریک پیش کریں گے کہ ۱۰ ستمبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۱۹ میں ترمیم پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب سید نوید قمر، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۵۵۔ **جناب محمد افضل**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قواعد طریق کار واستحقاقات، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۱۹ میں ترمیم پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۵۶۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مذکورہ قواعد کے قواعد ۷، ۳۷/اور ۲۵۰ میں مجوزہ ترامیم قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لائی جائیں۔

۵۷۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

۵۸۔ **محترمہ عالیہ کامران** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۲۰۸ میں مجوزہ ترامیم قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لائی جائیں۔

۵۹۔ **محترمہ عالیہ کامران** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

۶۰۔ **محترمہ ماہ جبین خان عباسی** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں حسب ذیل ترمیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گی:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۱۸۷ میں ترمیم**۔ کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں قاعدہ ۱۸۷ میں،۔

(i) پہلا جملہ شرطیہ حذف کر دیا جائے گا؛ نیز

(ii) دوسرے جملہ شرطیہ میں، لفظ "مزید" حذف کر دیا جائے گا۔

۶۱۔ **محترمہ ماہ جبین خان عباسی** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ مجوزہ ترمیم زیر غور لائی جائے۔

۶۲۔ **محترمہ ماہ جبین خان عباسی** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترمیم منظور کی جائے۔

## قراردادیں

۶۳۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک بھر میں نقصان دہ چربی دار تیل کے استعمال کو روکنے کیلئے فوری اقدامات کرے۔"

۶۴۔ **محترمہ سحر کامران** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی حدود میں گداگری کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات کرے۔"

۶۵۔ **جناب محمد اسلم گھمن** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت تمام سول سرونٹس اور سرکاری ملازمین کو وقتاً فوقتاً فراہم کئے گئے تمام ایڈہاک ریلیف الاؤنسز کو ان کی بنیادی تنخواہ میں ضم کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

۶۶۔ **محترمہ شائلہ رانا** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں منشیات کے استعمال کو روکنے کیلئے فوری اقدامات کرے۔"

۶۷۔ **جناب انجم عقیل خان** **جناب ابرار احمد** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ٹیوشن فیس کو کم کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۶۸۔ **جناب انجم عقیل خان** **جناب ابرار احمد** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

"یہ ایوان علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں کالجوں اور یونیورسٹیوں کی بے تحاشا فیسوں سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔"

۶۹۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

"یہ ایوان ملک میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات پر بحث کرے۔"

۷۰۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

"یہ ایوان اسٹیٹ آفس، اسلام آباد کی کارکردگی پر بحث کرے۔"

## قاعدہ۸۷ کے تحت فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث

**۷۱۔ شازیہ مری** ''فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث کریں گی جو جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی پر مسافروں کو بالخصوص امیگریشن کلیئرنس اور آمد کے عمل کے دوران درپیش مسلسل طویل تاخیر سے متعلق ہے''۔

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

**۷۲۔** قاعدہ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**۷۳۔ محترمہ نعیمہ کشور خان** **محترمہ عالیہ کامران**
**جناب محمد عثمان بادینی** **محترمہ شاہدہ بیگم** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ملک میں پولیو کے نئے کیسز سامنے آنے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،** **سعید احمد میتلا**

**۹فروری،۲۰۲۶ء** **قائم مقام سیکرٹری**

# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## SUPPLEMENTARY ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 10th February, 2026.

**TO BE READ AFTER ITEM NO. 10**

**10A. SHAZIA MARRI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2026].

**10B.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**Islamabad, the**
**10th February, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**